**2103N1678** Candidate's Seat No :________

**M.A. Semester-3 Examination**
**502**
**Urdu**

**Time : 2:30 Hours]** **March-2024** **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ اُردو ادب میں مکتوب نگاری کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ ۱۴

(یا)

اُردو میں خطوط نگاری کے آغاز اور اس کی نشو نما کا جائزہ لیجیے۔

سوال : ۲ ”خطوطِ غالبؔ نے اردو خطوط نگاری کو ایک نیا موڑ دیا۔“ اس قول پر مدلل بحث کیجیے۔ ۱۴

(یا)

پریم چند کی مکتوب نگاری کا سیر حاصل جائزہ لیجیے۔

سوال : ۳ مولانا ابو الکلام کی مکتوب نگاری کے فن پر سیر حاصل بحث کیجیے۔ ۱۴

(یا)

سر سید احمد خان کی خطوط نگاری کے اسلوب کا جائزہ لیجیے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کنہیں دو (۲) عنوانات پر لکھیے۔ ۱۴

(۱) صفیہ اختر کی مکتوب نگاری
(۲) مولانا علامہ راشد الخیری: مکتوب کے آئینے میں
(۳) اردو کا اوّلین خطوط نگار خواجہ غلام غوث بیخبرؔ
(۴) قرۃ العین حیدر کی مکتوب نگاری

سوال :۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھیے۔ ۱۴

(۱) اہلِ قلم حضرات نے خطوط نگاری کو دیگر کس فن کے نام سے تعبیر کیا ہے؟
(۲) اردو زبان میں مکتوب نگاری کو بہ طور صنف ادب متعارف کرانے میں اولیت کا اعزاز کسے حاصل ہے؟
(۳) کس مغربی ادیب کو خطوط نگاری کا ”باوا آدم“ کہا جاتا ہے؟
(۴) قرۃ العین حیدر کا مجموعۂ خط ”دامانِ باغباں“ کا دوسرا حصہ کس نام سے ہے؟

(۵) اپنے درد انگیز خطوط کو ''مسلی ہوئی پتیاں'' کا نام کس نے دیا ہے؟

(۶) ۱۹ویں صدی میں برطانوی حکومت کے کن دو اقدام سے خطوط نگاری کے فن کو فروغ ملا؟

(۷) مولانا ! آپکا اسلوب بیان میں مجھ وداعِ جاں چاہتا ہے۔ ابوالکلام کے متعلق یہ کس نے کہا؟

(۸) ''من آنم'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(۹) ''آپ بیتی اور جگ بیتی کا سنگم ہر خط میں نظر آتا ہے۔'' صفیہ اختر کے متعلق یہ بات کس نے کہی؟

(۱۰) ''تیغ تیز'' کس کی تحریر کردہ ہے؟

(۱۱) ''گویا دبستان کھل گیا'' میں کس کے خطوط نہایت بے تکلفانہ گھریلو انداز کے ہیں؟

(۱۲) پیرودی کے نداز میں ''مکاتیب خضر'' کے نام سے کس نے خطوط لکھے ہیں؟

---پایان شد---